رضامندی کی درخواست
برائے میڈیکیڈ بازادائیگی

عزیزی والدین یا سرپرست،

میں آپکے بچے کو خدمات فراہم کرنے کی کوشش میں آپکی امداد حاصل کرنے کے لیے آپکو خط تحریر کررہا ہوں- آپکے بچے کی طرح انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے حامل طلبا کو فراہم کی گئی کچھ خدمات کے لیے اسکول اضافی سرمایہ حاصل کرسکتے ہیں- ہمارے اسکول کو یہ سرمایہ حاصل کرنے کے لیے ہمیں ذیل کے لیے آپکی رضامندی درکار ہے (1) آپکے بچے کے خاص تعلیمی ریکارڈز سے آپکے بچے کو فراہم کردہ خاص تعلیم تشخیصات، پروگراموں اور خدمات تک رسائی اور ریاست اور وفاقی میڈیکیڈ پروگراموں کو ذاتی قابل شناخت معلومات فراہم کرنا (2) ان خدمات کا خرچہ برداشت کرنے کے لیے آپکے بچے کے میڈیکیڈ مراعات تک رسائی- ازراہِ کرم ذیلی معلومات کا مطالعہ کریں، منسلکہ فارم مکمل کریں اور اسے اپنے بچے کے اسکول واپس کردیں-

یہ یقینی بنانے کا شکریہ کہ ہمارے طلبا کو فراہم کی گئی اہم اعانتوں کے لیے ہمارے پبلک اسکولوں کو ممکنہ طور پر زیادہ سے زیادہ سرمایہ حاصل ہو-

مخلص،

Carmen Fariña

Carmen Fariña
چانسلر

مجھ سے رضامندی کے فارمز پر دستخط کے لیے کیوں کہا جارہا ہے؟

نیویارک شہر محکمہء تعلیم (NYCDOE) طلبا کو فراہم کرندہ خاص تعلیم خدمات کے کچھ اخراجات پورے کرنے میں مدد کے لیے میڈیکیڈ سرمائے کا استعمال کرتا ہے- آپکی رضامندی سے NYCDOE آپکے بچے کو فراہم کردہ تشخیصات اور خدمات کے لیے مطالبہ (claim) جمع کراسکتا ہے- آپکے بچے کے لیے اسکے IEP پر درج خدمات وصول کرنے کے لیے آپکو میڈیکیڈ کے لیے نام لکھوانا ضروری نہیں-

ریاستی اور وفاقی میڈیکیڈ پروگراموں کو میرے بچے کے متعلق کیا معلومات فراہم کی جائیں گی؟

NYCDOE آپکے بچے کو فراہم کردہ خاص تعلیم تشخیصات اور خدمات کے متعلق ذاتی قابل شناخت معلومات فراہم کرے گا- ان معلومات میں IEP، پیش رفت نوٹس، حاضری کے ریکارڈز، تشخیصات اور دیگر ریکارڈز اور آپکے بچے کو فراہم کردہ تشخیصات اور خدمات کے متعلق معلومات شامل ہیں-

کیا مجھے اور میرے اہل خانہ کو کوئی رقم ادا کرنی ہوگی؟

نہیں- آپ یا آپکے اہل خانہ کے لیے کوئی خرچہ نہیں ہوگا- ان خدمات کی فراہمی کے لیے آپکو کوئی بھی اخراجات، بیمہ کی قسط، قیمت یا معاون ادائیگی (کو- پیمنٹ) برداشت کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی- آپکے بچے کو اسکول کے اندر اور باہر فراہم کردہ خدمات کسی بھی طریقے سے متاثر نہیں ہوں گی- اگر آپکا خاندان میڈیکیڈ مراعات وصول کرتا ہے، تو طبی مراعات کی رسائی سے آپکا تحفظ منسوخ نہیں ہوگا، متعینہ تاحیات تحفظ کم نہیں ہوگا اور آپکے خاندان کو فراہم کردہ خدمات کسی طریقے سے متاثر نہیں ہوں گی- اپنے بچے کے IEP پر درج خدمات وصول کرنے کے لیے آپکو میڈیکیڈ کے لیے نام لکھوانا یا اندراج کروانا ضروری نہیں ہوگا- آپکو گھر اور برادری پر مبنی دستبرداری کی اہلیت کھونے کا خطرہ نہیں ہوگا، اگر کچھ بھی، جو آپکے مجموعی صحت سے متعلقہ اخراجات پر مبنی ہیں-

کیا میں NYCDOE کی اپنے بچے کی معلومات تک رسائی کی اجازت کے متعلق اپنا خیال تبدیل کرسکتا ہوں اور میڈیکیڈ پروگرام کو مطالبہ بھیج سکتا ہوں؟ کیا اگر میں رضامندی فراہم نہ کروں؟

معلومات فراہم کرنے کی رضامندی
برائے میڈیکیڈ بازادائیگی

آپ اس رضامندی کے متعلق کبھی بھی اپنا خیال تبدیل کرسکتے ہیں- اپنا فیصلہ تبدیل کرنے کے لیے ایک نیا فارم مکمل کرکے اپنے اسکول کو واپس بھیجیں- NYCDOE کے لیے آپکے بچے کو پھر بھی بلاخرچ خاص تعلیم اور خدمات فراہم کرنا لازم ہے چاہے آپ اپنی رضامندی نہ دیں یا کسی بعد کی تاریخ پر اپنی رضامندی واپس لے لیں-

<<Student's last name> پــر طور کــے مثــال <<NYC student ID>>

برائے مہربانی ذیل میں ایک انتخاب کریں، دستاویز پر دستخط کریں، تاریخ ڈالیں اور اس فارم کو اپنے بچے کے اسکول کو واپس کردیں-

○ جی ہاں، میں سمجھتا ہوں کہ اور متفق ہوں کہ NYCDOE میرے بچے کے خاص تعلیم ریکارڈز تک رسائی حاصل کرسکتا ہے جس میں انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP)، پیش رفت نوٹس، حاضری ریکارڈز، تشخیصات اور دیگر ریکارڈز اور میرے بچے کو فراہم کردہ خدمات و تشخیصات کے متعلق معلومات شامل ہیں اور جیسے ضروری ہو میڈیکیڈ مطالبے کے لیے ریاستی اور وفاقی میڈیکیڈ ایجنسی کو یہ ذاتی قابلِ شناخت معلومات مہیا کرسکتا ہے- میں متفق ہوں کہ NYCDOE میرے بچے کے لیے IEP کے مطابق فراہم کردہ خاص تعلیم اور خدمات کے لیے میرے بچے کے میڈیکیڈ مراعات تک رسائی حاصل کرسکتا ہے-

_____ _____

والدین یا سرپرست کے دستخط کنندہ تاریخ

_____ پــر طور کــے مثــال _____

○ نہیں، میں NYCDOE کو اجازت نہیں دیتا کہ وہ میرے بچے کو فراہم کردہ خاص تعلیم خدمات کے لیے میڈیکیڈ بازادائیگی کا مطالبہ کرنے کے لیے میرے بچے کے خاص تعلیم ریکارڈز تک رسائی حاصل کرے-

_____ _____

والدین یا سرپرست کے دستخط کنندہ تاریخ